1989ء سے مسلسل اشاعت | 23 دسمبر تا 29 دسمبر 2022 | شمارہ نمبر 52 | جلد نمبر 34

ہفت روزہ

# پیپر بزنس کراچی

بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

**ISO 900: 2015**
**International Business Management**
**CERTIFIED**

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD Little Star Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of

Brands of the year Award 2010

Brands of the year Award 2011-2012

**111-IBM-PAK**
**Please Contact For Booking**

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200 PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp

بزنس مین پینل





کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

BMG

بزنس مین گروپ

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

tjiwi kimia
paper products
www.tjikimia.co.id

# PAPER THAT WORKS EVERYDAY



## ART PAPER
- 2/S COATED ART PAPER
- SINAR BRAND

EnOva SINAR



## PHOTOCOPY PAPER
- PAPERLINE GOLD
- PAPERLINE
- EXCELPRO
- INTEGRITE
- AONE

GOLD · ExcelPro · PAPERLINE · a1ne



## WOODFREE PAPER
- SINAR ROYAL WHITE WOODFREE PAPER
- EXTRAPRINT PAPER PLUS
- WOODFREE BLUISH WHITE PAPER

eXp EXTRAPRINT · eXp pplus EXTRAPRINT · eXp srw EXTRAPRINT



## SPECIALTY & CARBONLESS PAPER
- CONCORDE CAST COATED PAPER/BOARD
- FOOPAK GRASEPROOF PAPER
- ENZA KRAFT PAER

Impressions · Ellustra DRAWING PAPER · enza · foopak · CONCORDE



## QUALITY STATIONERY ITEMS
- SINARLINE OFFICE & STATIONERY PRODUCTS MAKE YOUR BUSY SCHEDULE ALL IN ORDER!

SINARLINE



## OTHER PRODUCTS
- OFFSET PRINTING PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- PAPER PLUS
- 1/S CAST COATED BOARD/PAPER
- RECYCLED PAPER
- SINAR BLUISH WHITE
- WOODFREE PAPER

paperplus

## FOR BOOKING CONTACT

IBM ™
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

**INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT**

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

we Serve unique
& best quality paper
to build
on brand loyality

# BIKIYA PAPER MART

IK BLUISH WHITE OFFSET PAPER
THE MAGIC NUMBER 035
THINK OF PAPER THINK OF IK

SINAR ROYAL WHITE
WOODFREE PAPER

pindo deli
paper producs

FajarPaper

tjiwi kimia
paper products

**CONTACT**

Shop # 1, Bikiya Manzil, Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi
phone:021-32620210, 32626021

# BILAL PAPER MART

**A Very Famous Name For Indonesian Paper & Board Products**

- Coated Duplex Board
- Coated Art Card
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Sticker Paper
- Ivory Card
- Bleach

**CONTACT**

Shop # 8, Salma Manzil , Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Karachi 74200

Phone: 021-32626285, 32626391, 32630109



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

ہفت روزہ
پیپر بزنس کراچی
اشاعت: بروز جمعہ
پبلشر حرا رؤف
نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز سے چھپوا کر 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے شائع کیا
یہ شمارہ 22 رنگین اور 18 عمومی صفحات پر مشتمل ہے
قیمت: 70 روپے

رابطہ افس
A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M
نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی
137 سنی پلازہ، پہلی منزل، حسرت موہانی روڈ، کراچی
رابطہ: 021-32632362-0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

بانی: محمد رؤف
ایڈیٹوریل بورڈ
پبلشر وایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
ڈیزائننگ: سمیر انصاری
پیج میکنگ: عمران صدیقی

چارجز
سالانہ معہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے
سالانہ معہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے
سالانہ بغیر کوریئر (کراچی) 1200 روپے
آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی
A/c-No: 01025620311714112960
IBAN:PK72SUMB0256027140112960

# اسٹیکر کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ، کسٹم آئی اینڈ آئی کی اپیما کے عہدیداروں کو بریفنگ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) مارکیٹ کے باخبر مصدقہ ذرائع نے بتایا ہے کہ کسٹم انٹیلی جنس اینڈ انوسٹی گیشن کے خصوصی اسکواڈ نے آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاقائی اور مرکزی عہدیداروں کو ایک خصوصی بریفنگ کے لیے گزشتہ ہفتے بلایا تھا جس میں آئی اینڈ آئی آفیسرز نے انکشاف کیا کہ مصدقہ اطلاعات کی بنیاد پر جب کچھ اسمگلنگ میں ملوث ٹرکوں کو چیکنگ کے لیے پکڑا تو انکشاف ہوا کہ چائنا سے درآمد شدہ اسٹیکر پیپر کی بڑے پیمانے پر اسمگلنگ ہو رہی ہے اور اس میں کراچی و لاہور کے چند امپورٹرز ملوث ہیں جو کہ اس اسمگل شدہ مال کی اسمگلنگ، خرید وفروخت میں ایک گروپ کی شکل میں ملوث ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پکڑے گئے کنٹینرز سے کاسٹ کوٹڈ، ٹرانسپیرنٹ، گولڈن، اور سلور اسٹیکر پیپر برآمد ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وہ اس سلسلے میں پاکستانی ایمبیسی چائنا کی معرفت چینی کمپنیوں سے رابطہ کر رہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق یہ بریفنگ دو گھنٹے تک جاری رہی اور انہوں نے اپیما کے عہدیداروں سے چائنا کے برآمد کنندگان کے بارے میں سوالات کئے۔ اس کے علاوہ انہوں نے اسٹیکر کی ماہانہ طلب، فروخت، اسٹیکر کے خرید وفروخت کے ڈیلرز، ان کے گوداموں کے پتوں وغیرہ کے متعلق سوالات کئے۔ آئی اینڈ آئی آفیسرز نے اپیما سے کہا کہ وہ 48 گھنٹوں کے اندر اندر ان سوالات کے جوابات فراہم کریں تا کہ اس کو وہ ایف بی آر اسلام آباد کو ارسال کر سکیں۔ آئی اینڈ آئی آفیسر نے بتایا کہ ایگزامینیشن کے دوران یہ بات سامنے آئی ہے کہ مختلف جی ڈیز میں مقدار میں بڑا فرق پایا گیا ہے۔ ایک جی ڈی اگر 740 بکسر کا وزن 24 ہزار کلو ظاہر کر رہی ہے تو وہی سپلائر کا دوسرا امپورٹرز 740 بکسز کا وزن صرف 19 ہزار کلو ظاہر کر رہا ہے۔ معلوم ہوا ہے کہ اپیما نے آئی اینڈ آئی پر واضح کر دیا ہے کہ وہ مس ڈیکریشن، انڈر انوائسنگ میں ملوث امپورٹرز کے ساتھ نہیں کھڑی ہے اور وہ ان کا کوئی دفاع نہیں کرے گی۔ جبکہ حقیقی امپورٹرز کو ہر قسم کا تحفظ فراہم کرے گی۔ باخبر ذرائع کے مطابق اس صورت حال سے سینئر ممبران کو آگاہ کرنے کے لیے جلد ایک اجلاس نجی طور پر طلب کیا جائے گا تا کہ اراکین کو معاملے کی سنگینی سے آگاہ کیا جا سکے۔

# ایف ٹی او سے اب تک 61 امپورٹرز کے ریفنڈ کے احکامات جاری ہو چکے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) معلوم ہوا ہے کہ 2003 میں کسٹم کی جانب سے جبری وصول کی گئی رقوم کے خلاف وفاقی ٹیکس محتسب کے احکامات کا سلسلہ جاری ہے اور اب تک 61 کو ریفنڈ کی ادائیگی کے احکامات مل چکے ہیں۔ جس میں سے دو درجن سے زائد امپورٹرز کے چیکس موصول ہو چکے ہیں۔ ان 61 کے علاوہ دیگر کے احکامات بھی جلد جاری ہو جائیں گے اب تک کسٹم کو جن امپورٹرز کے ریفنڈ کی ادائیگی کے احکامات مل چکے ہیں ان کی فہرست مندرجہ ذیل ہے۔ یہ احکامات 19 ستمبر کو 15، 3 نومبر کو 13، 16 نومبر کو 8، اور 5 دسمبر کو 9 امپورٹرز کے حق میں جاری کئے گئے ہیں۔ الرحیم پرنٹرز، عمار پیپر مارٹ، انعم ٹریڈرز، بابو برادرز، کارڈ امپیکس، فیئر ٹریڈ لنکرز، گرے پرنٹرز، گل امپیکس، ایس ایم تقی اینڈ سنز، ہمدم پیپر مارٹ، حسن اینڈ حسن ٹریڈرز، حسینی پیپر مارٹ، الیاس برادرز، امپیکس ایجنسیز، ایم کامل اینڈ سنز، ماریہ ٹریڈرز، منیر پیپر مارٹ، ناصر قاسم، پرائڈ پیپر مارٹ، ریحان پیپر مارٹ، سعادت سنز، شعیب انٹر پرائزز، شعیب انٹرنیشنل، اسپاٹ لٹ پرنٹرز، سید سراج الحسن اینڈ سنز، یونیورسل پیپر مارٹ، ورائٹی پیپر، یونس برادرز، یونس سنز، ذہابیہ ٹریڈرز، عبداللہ برادرز، افضل انٹر پرائزز، علی انٹر پرائزز، علیز ٹریڈنگ کمپنی، انعم ٹریڈنگ کمپنی، کیپٹل بزنس کارپوریشن، دولت سنز، ایور شائن انٹر پرائزز، فیصل ایسوسی ایٹس، فیصل امپیکس کارپوریشن، افتخار احمد، جے اسماعیل اینڈ کمپنی، جانو اینڈ جانو، خواجہ پیپر اسٹور، خواجہ پیپر مارٹ، مدنی پیپر مارٹ، مقبول حسن اینڈ کمپنی، مریم پیپرز، محمد علی اینڈ کمپنی، محمد یعقوب اینڈ ایم یونس، مرتضی ٹریڈرز، نیشنل پیپر مارٹ، اوساکا پیپر، آر اے ٹریڈنگ کمپنی، ایس ایس بزنس کارپوریشن، ثاقب پیپرز، صدیقی پیپر مارٹ، ٹی اے کمرشل کارپوریشن، وقاص دانش، ویب کنورٹرز، یونس اینڈ کمپنی۔

# درآمدی پیپر و پیپر بورڈ کی نئی ویلیوایشن رولنگ کیلئے اجلاس

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈپٹی ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ مقبول احمد بلوچ کی جانب سے سیلف ایڈہیسو اسٹیکر پیپر ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر، این سی آر اور کاروگیٹڈ پیپر کی نئی ویلیو ایشن کے تعین کے لیے اجلاس 19 دسمبر 2022 کو کسٹم ہاؤس میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کی جانب سے سینئر وائس چیئرمین محمد انیس، آئی بی ایم کے محمد سلیم بیکیا، اعزازی جنرل سیکریٹری سدرن زون احمد اظہر، عتیق ٹریڈرز کے محمد طلحہٰ اور خورشید امپیکس کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس میں مختلف قیمتوں کا جائزہ لیا گیا اور دستاویزی شہادتوں کی روشنی میں قیمتوں پر فریقین نے اپنا اپنا موقف پیش کیا۔ امید ہے کہ نئی رولنگ آئندہ ایک دو روز میں جاری ہو جائے گی۔

## کسٹمز نے ویلیوایشن رولنگز جاری کر دیں

کراچی (پیپر بزنس نیوز) ڈائریکٹر کسٹم ویلیوایشن فیاض رسول میکن نے سیلف ایڈہیسو اسٹیکر پیپر کی رولنگ نمبر 1715/2022، ان کوٹڈ آفسیٹ پیپر، رائٹنگ پرنٹنگ پیپر اور فوٹو کاپی پیپر کی رولنگ نمبر 1716/2022، اور نان کاربن پیپر، آرٹ کارڈ، کوٹڈ بورڈ، لائٹ ویٹ کوٹڈ پیپر کی رولنگ نمبر 1717/2022 مورخہ 20 دسمبر 2022 جاری کر دی ہے۔ واضح رہے کہ آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن اور فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس نے رولنگ جاری نہ کرنے کا مطالبہ کیا تھا۔ سینئر وائس چیئرمین اپیما نے کہا ہے کہ وہ ان رولنگز کے اجرا کے خلاف احتجاج ریکارڈ کرائیں گے۔ (سابقہ رولنگز سے نئی رولنگز کا تفصیلی تقابلی جائزہ آئندہ شمارے میں ملاحظہ فرمائیں)



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# A4 فوٹو کاپی اور آفسیٹ پیپر کی درآمد میں مزید انڈر انوائسنگ کا انکشاف

کراچی (پیپر بزنس نیوز) بزنس مین پینل آل پاکستان پیپر مرچنٹس کے ترجمان نے بتایا ہے کہ کسٹم کے ڈیٹا میں اسلام آباد کے امپورٹرز کے بعد کراچی کے ایک امپورٹرز میسرز عتیق ٹریڈرز کی جانب سے بھی اے فور سائز فوٹو کاپی اور آفسیٹ پیپر کی انڈر انوائسنگ کا انکشاف ہوا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ باوجود اس کے کہ عتیق ٹریڈرز کو اس بات کا علم ہے کہ اس کے نتیجے میں مستقبل میں بھاری اینٹی ڈمپنگ ڈیوٹیز کے نفاذ کی صورت میں نکل سکتا ہے اور کسٹم حکام پیپر امپورٹرز کے خلاف سخت کارروائی کر سکتے ہیں۔ انہوں نے انڈر انوائسنگ کی ہے۔ واضح رہے کہ کسٹم حکام نے حال ہی میں بعض امپورٹرز کو انڈر انوائسنگ، مس ڈیکریشن اور بڑے پیمانے پر فریٹ انڈر انوائسنگ پر شوکاز جاری کئے ہیں اور وہ امپورٹرز اور ان کے وکلا کسٹم ہاؤس اور کسٹم عدالتوں کے چکر لگا رہے ہیں اور حال ہی میں ایک امپورٹرز کے خلاف ایف آئی آر درج کر کے چوری شدہ ڈیوٹی کی وصولی کے لیے کارروائی شروع کر رکھی ہے۔ ترجمان کے مطابق میسرز عتیق ٹریڈرز نے اے فور سائز کاپی پیپر 255 ٹن دبئی سے اپنے ایجنٹ کی معرفت 3012 یو اے ای درہم یعنی تقریباً 820 ڈالر فی ٹن میں درآمد کیا جو کہ کسٹم رولنگ کی قیمت ہے جبکہ اس کی حقیقی قیمت 1100 ڈالر فی ٹن ہے۔ اس انڈر انوائسنگ میں بھی میسرز اپریل انٹرنیشنل انٹر پرائزز پرائیویٹ لمیٹڈ سنگاپور مجرمانہ طور پر ملوث ہے۔ اس کی اس انڈر انوائسنگ کی وجہ سے حقیقی قیمت پر درآمد کنندہ بھاری مالی نقصان کا سامنا کر رہے ہیں۔ اور یہ چند امپورٹرز پوری ٹریڈ کو اجتماعی طور پر نقصان پہنچا رہے ہیں۔ ترجمان نے کہا کہ وہ حقیقی قیمتوں پر درآمد کرنے والوں کی مکمل مدد جاری رکھے گی اور انڈر انوائسنگ میں ملوث درآمد کنندگان کی کوئی مدد نہیں کرے گی۔

# ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ میں ترمیم کے بعد عہدیداروں کی دو سالہ مدت کا اطلاق آئندہ سال سے ہوگا

## فیڈریشن کے انتخابات کا پروگرام جلد جاری ہوگا، مارچ میں ہونے کا امکان

کراچی (نیوز ڈیسک) وزارت تجارت کی جانب سے پیش کردہ ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ میں ترمیمی بل 14 دسمبر 2022 کو قومی اسمبلی سے منظور کرلیا گیا۔ اسمبلی ذرائع کے مطابق وفاقی وزیر تجارت نوید قمر نے اسمبلی میں بل پیش کیا جس کے مطابق اکتوبر میں پاس ہونے والے ٹریڈ آرگنائزیشن ایکٹ میں ترمیم کی گئی۔ بل میں وفاق ایوان ہائے صنعت و تجارت پاکستان سمیت تمام ٹریڈ باڈیز، چیمبرز اور ایسوسی ایشنز کی مدت 2 سالہ مدت کی تاریخ اطلاق پر ابہام تھا۔ اس سے قبل قومی اسمبلی اور سینیٹ کے جوائنٹ سیشن نے بل کا اطلاق یکم جنوری 2022 سے کیا تھا جس کے بعد ملک بھر میں تجارتی تنظیموں میں ابہام اور قانونی پیچیدگیاں پیدا ہوگئی تھیں۔ تاہم وزیر تجارت نوید قمر کی قیادت میں وزارت نے ترمیم کیلئے ڈی جی ٹی او کی مشاورت سے مدت کی توسیع کا اطلاق یکم جنوری 2022 کے بجائے یکم جنوری 2023 مقرر کیا ہے۔ اس طرح موجودہ صدر ایف پی سی سی آئی کے عہدے کی مدت رواں سال 30 دسمبر کو مکمل ہوجائے گا۔ تاہم قوائد وضوابط کے مطابق ایف پی سی سی آئی کے انتخابات کا شیڈول اکتوبر میں جاری کیا جانا تھا لیکن رواں سال منعقدہ ایگزیکٹیو کونسل اجلاس میں موجودہ صدر نے عہدوں کی مدت 2 سال ہونے کی بناء پر الیکشن شیڈول جاری نہیں کیا۔ موجودہ صورتحال میں تبدیلی کے بعد اب ایف پی سی سی آئی کے انتخابات چند ماہ میں متوقع ہیں۔ ذرائع کے مطابق مارچ 2023 میں فیڈریشن کے انتخابات ہوسکتے ہیں۔ دوسری جانب قومی اسمبلی سے بل منظور ہونے کے بعد سینٹ میں پیش ہونے کی توقع ہے جو منظوری کے بعد وزیر اعظم کی سفارش پر صدر پاکستان کے پاس دستخط کیلئے پیش کیا جائے گا، صدر مملکت کی دستخط کے بعد ترمیمی بل ایکٹ کی صورت اختیار کر جائے گا جس کا باضابطہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا جائے گا۔ موجود بل میں ترامیم کے بعد تجارتی تنظیموں میں پیدا ہونے والی ہلچل اور تذبذب بھی اختتام پزیر ہوئی۔ موجود بل کی رو سے یکم جنوری 2023 کو منتخب ہونے والے عہدیداروں کو 2 سال کی مدت ملے گی۔ تاہم بل میں اب بھی چھوٹے صوبوں کو ایف پی سی سی آئی کی صدارت کی باری سے متعلق ابہام باقی ہے۔

## سلیم بیکیا کی جانب سے سینئر پیپر مرچنٹس کے اعزاز میں ظہرانہ

کراچی (پیپر بزنس نیوز) چیئر مین بزنس مین پینل محمد سلیم بیکیا نے پیپر مارکیٹ کے سینئر معزز ممبران، سابق چیئر مین حضرات، صدور، سینئر وائس چیئر مین اور وائس چیئر مین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے علاوہ پاپگائی کے بعض اراکین کے اعزاز میں 24 دسمبر 2022 کو بروز ہفتہ کو آئی بی ایم کے دفتر میں ایک ظہرانہ کا اہتمام کیا ہے جس میں انہیں مارکیٹ کی موجودہ صورت حال، اسٹیکر پیپر کی اسمگلنگ، کسٹم ویلیویشن رولنگز، اپیما انتخابات اور پیپر و پیپر بورڈ پر عائد اضافی ڈیوٹی وٹیکسز کے خاتمے کے لیے اپیما کی کوششوں سے آگاہی دی جائے گی۔

# درآمدی اشیاء پر ایک سے دو فیصد فلڈ لیوی عائد کرنے پر غور

اسلام آباد (نیوز ڈیسک( معلوم ہوا ہے کہ 35 / سے 70 / ارب روپے جمع کرنے کیلئے حکومت غیر ضروری درآمد شدہ اشیاء پر ایک یا 2 / فیصد سیلاب ٹیکس عائد کرنے کیلئے مختلف آپشنز پر غور کر رہی ہے۔ معطل شدہ آئی ایم ایف پروگرام کی بحالی کیلئے حکومت مختلف آپشنز کا جائزہ لے رہی ہے تاکہ مالی سال 23-2022ء کے دوران آمدنی میں اضافہ کیا جا سکے۔ زیر غور تجویز کے تحت ایک طرف آمدنی بڑھانے تو دوسری طرف درآمدات کی حوصلہ شکنی کرنے کا پلان ہے کیونکہ اسٹیٹ بینک میں غیر ملکی کرنسی کم ہو رہی ہے اور یہ کم ہو کر 6.7 / ارب ڈالرز تک جا پہنچی ہے۔ اس ضمن میں غیر ضروری درآمدات میں کمی کیلئے صدارتی آرڈیننس لانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ اس سلسلے میں ایف بی آر مختلف آپشنز پر کام کر رہا ہے جس کے تحت ایک یا دو فیصد فلڈ لیوی (سیلاب ٹیکس( عائد کیا جائے گا اور اس کیلئے صدارتی آرڈیننس نافذ کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اگر حکومت نے ایک فیصد لیوی عائد کی تو اس سے (جنوری تا جون (30 / سے 35 / ارب روپے جمع ہوں گے اور 2 / فیصد عائد کیے جانے کی صورت میں 70 / ارب روپے تک جمع ہو سکیں گے۔ ایف بی آر نے رواں مالی سال کیلئے 7.47 / ٹریلین روپے جمع کرنے کا ہدف مقرر کر رکھا ہے اور ابتدائی پانچ میں بورڈ نے صرف 2.688 / ٹریلین روپے جمع کیے ہیں جبکہ رواں ماہ میں 0.965 / ٹریلین روپے جمع کرنے کا ہدف ہے۔ ایف بی آر کو آئندہ سات ماہ (دسمبر 2022ء تا جون 2023ء( مزید 4.782 / ٹریلین روپے جمع کرنا ہیں تاکہ سالانہ ہدف پورا ہو سکے۔ آئی ایم ایف کے اندازوں کے مطابق، معاشی سست روی اور درآمدات میں کمی کی وجہ سے ایف بی آر کیلئے ہدف پورا کرنا مشکل ہوگا۔ تاہم، ایف بی آر کے اعلیٰ عہدیداروں کا کہنا ہے کہ انہیں امید ہے کہ ہدف قابل حاصل ہے۔

## اسحاق ڈار کی ایف بی آر کے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کی حمایت

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ آئی ایم ایف نے سیلاب سے بحالی پر اخراجات کی تفصیل طلب کی ہے، بحالی کے کاموں میں پانچ سے سات ماہ لگ سکتے ہیں، آئی ایم ایف کی طرف سے ابھی فیصلہ ہونا ہے۔ ملک میں ٹیکسوں کا دائرہ کار بڑھانے کی ضرورت ہے، پاکستان کو بھی معیشت کو سیاست سے الگ کرنا ہوگا۔ آزاد معیشت خوشحال پاکستان فورم سے خطاب کرتے ہوئے اسحاق ڈار نے کہا کہ کورونا وباء کی وجہ سے بہت سے ملکوں نے ٹیکس ریٹ میں اضافہ کیا، ہمارے پاس بھی ٹیکس ٹو جی ڈی پی ریٹ بڑھانے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں، وزارتیں اور ڈویژنز نیب سے خوفزدہ ہیں، آئی ایم ایف نے سیلاب سے بحالی پر اخراجات کی تفصیل طلب کی ہے، معیشت کو سیاست سے الگ کرنا ہوگا، میں ایف بی آر کے ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کی مکمل حمایت کرتا ہوں، بعض صنعتی شعبوں میں ٹیکس کی رپورٹنگ کا ایشو بھی ہے۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

CPP Services Private Limited

联强集团 UP GROUP

## World Re-known Brands which are under Our Belt and their Product Line.

| | |
|---|---|
| YU YIN | Automatic Die Cutting<br>Foil Printing Machines |
| accura | High-end Slitting & Sheeting Machines |
| FANGBANG | Roll Fed Paper Bag Machines<br>Sheet Fed Paper Bag Machines |
| DLG 德拉根<br>上海德拉根印刷机械有限公司<br>SHANGHAI DRAGON PRINTING MACHINERY CO.,LTD. | Automatic Spot UV Machines<br>Water Base Coating Machines<br>Folder Gluer Machines |
| HHM | High-end Folder Gluer |
| GUOWEI<br>浙江国威智能设备有限公司<br>Zhejiang Guowei Intelligent Equipment Co., Ltd. | Sheeting Machines<br>Guillotine Cutting Machines |
| SHENGTIAN 盛田 | Flute Laminator &<br>Thermal Lamination Machines<br>Water Base Lamination Machines |
| GMB 光明 GUANGMING | Thermal Lamination Machines |
| HS MACHINE | Narrow Web Label Printing Machines<br>Plain Label Rotary & Flat Bed Die Cuting Machines<br>& Slitting Machines |

Plot no 18, Sector 26, Industrial Area Korangi, Karachi - Pakistan.

+92-21-35070785-8 Email:info@cpp.com.pk www.cpp.com.pk



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# ایف پی سی سی آئی نے بھی اپیما کے رولنگ جاری نہ کرنے کے موقف کی تائید کردی

## ڈائریکٹر ویلیوایشن کے نام خط میں کہا کہ پیپر امپورٹر کے ڈیٹا کو اس پر نہیں تھوپا جا سکتا

کراچی (پیپر بزنس نیوز) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر وائس چیئرمین سلیمان چاولہ نے ڈائریکٹر ویلیوایشن کسٹم ہاؤس کے نام ایک خط میں آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن کے اس موقف کی تائید کردی ہے کہ وہ نئی ٹرانزیکشنل ویلیوز ظاہر کرنے اور انڈر انوائسنگ کے ثبوت نہ ہونے پر ویلیوایشن رولنگ جاری نہیں ہوسکتی۔ یہ خط انہوں نے کسٹم کی جانب سے 19 دسمبر 2022 کو کوٹڈ آفسیٹ پیپر، کاروگیٹڈ پیپر، اسٹیکر پیپر اور این سی آر پیپر کی نئی ویلیوایشن کے تعین کے لیے طلب کئے گئے اجلاس کے حوالے سے تحریر کیا ہے۔ خط میں کہا گیا ہے کہ ایچ ایس کوڈ 4820 اور 4810 کی تمام ویلیوز سابق جاری کردہ رولنگ ویلیوز سے کہیں زیادہ ہیں اور امپورٹر دفعہ 25(1) کے تحت ڈیوٹی و ٹیکسز ادا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ درآمدی ویلیو کے تعین کے لیے ضروری ہے کہ کسٹم ڈی جی ویلیوایشن معقول وجوہات سے آگاہ کرے کہ انہیں کیوں دفعہ 25(1) سے نکالا جا رہا ہے اور ویلیوایشن ڈپارٹمنٹ دستاویزی شہادتیں فراہم کرے جس میں وہ یہ ثابت کرے کہ اس آئٹم میں انڈر انوائسنگ ہو رہی ہے اور کسٹم خود امپورٹر کے فراہم کردہ زائد ویلیوایشن کو ہی بنیاد بنا کر اس پر ڈیٹا نہیں تھوپ سکتا ہے۔ اس قسم کے کسٹم کے یکطرفہ فیصلوں کے خلاف امپورٹرز پہلے ہی وفاقی ٹیکس محتسب سے رجوع کر چکے ہیں اور محتسب کا دفتر درآمد کنندگان کی ان شکایات کے ازالے کے لیے ہدایات بھی جاری کر چکا ہے لہٰذا مندرجہ بالا حقائق کی روشنی میں رولنگ کے اجرا کے معاملے کو دیکھا جائے۔

## پاک افغان ویزہ پالیسی پر نظر ثانی کی جائے، سرحد چیمبر

پشاور (بزنس ڈیسک) سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر شاہد حسین نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان باہمی تجارت کے فروغ کے لئے دونوں ہمسایہ ممالک کو ویزا پالیسی پر نظر ثانی، اس حوالے سے جڑے عوامل، رکاوٹوں کا قلع قمع کرنے اور دونوں جانب کی بزنس کمیونٹی کو ویزوں کی فراہمی میں آسانی کے لئے سنجیدہ اقدامات اٹھانے کی اشد ضرورت ہے۔ کانفرنسوں کے انعقاد سے زیادہ ویزہ پالیسی میں نرمی و بہتری لانے پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیے۔ سرحد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر نائب صدر شاہد حسین نے ایک بیان میں حکومت پاکستان اور افغانستان پر زور دیا ہے کہ دونوں ممالک کے شہریوں اور تاجروں کو ویزوں کی فراہمی کیلئے پالیسی میں نرمی اور بہتری لا کر نافذ کی جائے اگر ایسے اقدامات نہ کئے گئے تو متوقع کانفرنس، میٹنگ اور اجلاسوں کا انعقاد کبھی بھی سود مند ثابت نہیں ہوسکیں گے۔ سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر شاہد حسین نے کہا کہ ایک سروے کے مطابق پاک افغان باہمی تجارتی حجم جو کہ سال 2012 تک 2.5 بلین ڈالرز تھا اب کم ہوکر 2022ء میں 6 ملین ڈالرز پر آ گیا ہے جو کہ انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ سننے میں یہ بات آئی ہے کہ مبینہ طور پر ایک ویزہ کے اجراء پر ہزار ڈالرز تک وصول کئے جاتے ہیں جس میں کئی ملکی و غیر ملکی عناصر کے ملوث ہونے کے بارے میں بتایا جا رہا ہے۔ ان تمام مذکورہ حالات میں پاک افغان باہمی تجارت کے فروغ کے حوالے سے کیا توقع وابستہ کی جاسکتی ہی اور اس حقیقت سے انحراف کرنا خام خیالی ہوگی۔ مزید یہ کہ آج کل سیکورٹی کی مخدوش صورتحال کے پیش نظر پاکستانی تاجر افغانستان کے شہروں میں سروے، مارکیٹنگ اور آزادانہ طور پر گھوم نہیں سکتے۔ ان کا کہنا تھا کہ افغانیوں کو ویزہ کی سہولت کو آسان بنانے سے وہ خود پاکستان میں خریداری اور ٹرانسپورٹیشن بھی خود کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ افغان شہریوں کو پاکستان میں نہ زبان کا مسئلہ ہے نہ راستوں اور شہروں میں گھومنے کے حوالے سے مسائل ہیں اور نہ ہی انہیں کسی قسم کی رہنمائی کی ضرورت ہے افغان شہریوں کو پاکستان میں تجارت کرنے کے لئے صرف اور صرف ویزہ کی بروقت و فوری اجراء کی ضرورت ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا ہے کہ کانفرنسوں کے انعقاد سے زیادہ ویزہ پالیسی میں نرمی و بہتری لانے پر توجہ مرکوز رکھنی چاہئے نہ کہ مزید ایسے کاموں میں وقت ضائع کیا جائے جس سے پاک افغان باہمی تجارتی حجم میں مزید کمی آئے۔ انہوں نے کہا کہ مشترکہ پالیسیوں سے ہی پاک افغان باہمی تجارت میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ وسطی ایشیاء کے ممالک میں پاکستان کی ایکسپورٹ بھی بڑھے گی۔ سرحد چیمبر کے سینئر نائب صدر شاہد حسین کا کہنا تھا کہ وسطی ایشیائی ممالک کی تقریباً 100 بلین ڈالرز کی مارکیٹ ہے جس میں پاکستان کا حصہ نہ ہونے کے برابر ہے کیونکہ پاکستان کو بھی مختلف عوامل کی وجہ سے نظر انداز کیا جا رہا ہے اور 2,2 ماہ تک ان کے شہریوں کو پاکستانی ویزوں کیلئے انتظار کرنا پڑتا ہے۔

## لاہور چیمبر: حسن رضا شیخ ''پیپر بورڈ امپورٹ'' اسٹینڈنگ کمیٹی کے کنوینر نامزد



لاہور (پیپر بزنس نیوز) لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر کاشف انور نے صدر، آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن ناردرن زون، حسن رضا شیخ (میسرز پیپر لینڈ لاہور) کو لاہور چیمبر کی اسٹینڈنگ کمیٹی ''پیپر بورڈ امپورٹ برائے سال 23-2022 کا کنوینر نامزد کیا ہے اور کہا ہے کہ وہ 10 رکنی کمیٹی کی تشکیل کے لئے نام جلد از جلد بھیج دیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی ہے کہ حسن رضا شیخ اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے پیپر بورڈ امپورٹ کے لئے موثر تجاویز دیں گے۔

## وفاقی کابینہ کا فیصلہ، توانائی بچت کیلئے مارکیٹیں 8، بجے بند ہوں گی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ محمد آصف نے توانائی بچت قومی پروگرام کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ شادی ہالز رات 10 بجے، مارکیٹیں اور ریسٹورینٹس رات 8 بجے بند کئے جائیں گے مگر ریسٹورنٹس کے لیے گنجائش ہے کہ شاید ان کو ایک گھنٹہ مزید بڑھایا جائے‘ 20 فیصد سرکاری ملازمین گھر سے کام کریں گے ’الیکٹرک بائیکس کی درآمد شروع ہوچکی ہے‘ گیس فراہم کرنے والی کمپنیاں گیزر کیلئے بچت کے آلات فراہم کریں گی‘ ایل ای ڈی بلب اور کم واٹ کے نئے پنکھوں کے استعمال اور دیگر اقدامات سے اربوں روپے کی بچت ہوگی‘ توانائی کی بچت کر کے معیشت کو اربوں کا فائدہ ہوگا‘ اس فیصلے سے 8 سے 9 ہزار میگا واٹ بجلی کی بچت ہوگی ‘کپیسٹی پے منٹس کی مد میں 28 ارب ماہانہ بچت ہوگی‘ آئندہ اس حوالے سے صوبوں سے مشاورت کی جائے گی جس کے بعد پالیسی پر عملدرآمد شروع ہوگا‘ سنگین معاشی صورتحال کے تناظر میں ہمیں اپنی عادتوں میں تبدیلی لانا ہوگی۔ وہ منگل 20 دسمبر 2022 کو وفاقی کابینہ کے اجلاس کے بعد وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب اور مشیر برائے امور کشمیر، گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ خواجہ محمد آصف نے بتایا کہ کفایت شعاری کے حوالے سے کمیٹی میں سیکرٹری پاور، وزیر دفاع سمیت دیگر وزراء شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں مارکیٹیں شام 6 بجے تک بند ہوتی ہیں لیکن ہمارے ہاں رات 2 بجے تک کھلی ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 20 فیصد سرکاری ملازمین گھر سے کام کریں گے، مختلف ذرائع سے توانائی کی بچت کر کے معیشت کو اربوں کا فائدہ ہوگا، اس فیصلے سے 8 سے 9 ہزار میگا واٹ بجلی کی بچت ہوگی اور 62 ارب روپے بچائے جاسکیں گے۔



یہ شمارہ 113 گرام نیو یا آرٹ پیپر گلوس چائنا برانڈ پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

IBM

&

OOCL
Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.

# آرٹ کارڈ و پیپر، آفسیٹ آئی کے، درآمدی بلیچ بورڈ، اسٹیکر اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے بھی تیزی دیکھی گئی اور 21 دسمبر 2022 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں آفسیٹ آئی کے اور ریل کٹ، درآمدی بلیچ بورڈ چائنا ننگبو گولڈ، رئیل، چینمنگ اور پنڈو ڈیلی انڈونیشیا، پنڈو آرٹ کارڈ، نیویا آرٹ پیپر، اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاور ٹیک چائنا، وائی ایم سی چائنا، نیکسز پرو چائنا اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں اضافہ ریکارڈ کیا گیا۔ جبکہ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک اور شاہین نیچرل بیک کی قیمتوں میں کمی بیشی دیکھنے میں آئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جو رد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ گولڈن کوئنز انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 370 روپے سے بڑھ کر 375 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ نیویا آرٹ پیپر گلوس/میٹ چائنا تمام سائز تمام گرام، 350 روپے سے بڑھ کر 355 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 گرام، 184 روپے سے بڑھ کر 198 روپے، تمام سائز 300 اور 350 گرام، 181 روپے سے بڑھ کر 195 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ شاہین نیچرل بیک تمام سائز 250، 300 اور 350 گرام، 142 روپے سے کم ہو کر 136 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 328 روپے سے بڑھ کر 345 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچ بورڈ رئیل شیٹس 328 روپے سے بڑھ کر 350 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ بلیچ بورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 322 روپے سے بڑھ کر 345 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 318 روپے سے بڑھ کر 325 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی آفسیٹ پیپر آئی کے 035 انڈونیشیا تمام سائز تمام گرام، 395 روپے سے بڑھ کر 400 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ آئی کے 035 مشین/ریل کٹ 70، 75 اور 80 گرام، 390 روپے سے بڑھ کر 395 روپے فی کلو ہوگیا ہے۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی سی براؤن 70 گرام، 910 روپے سے بڑھ کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام، 925 روپے سے بڑھ کر 930 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 920 روپے سے بڑھ کر 950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی 70 گرام، A3 سائز 2050 روپے سے بڑھ کر 2100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آریا 70 گرام، 900 روپے سے بڑھ کر 910 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 70 گرام، 1100 روپے سے بڑھ کر 1150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1200 روپے سے بڑھ کر 1250 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 80 گرام، A3 سائز 1950 روپے سے بڑھ کر 2000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 3000 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاور ٹیک چائنا 20x30 سائز، 2850 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر نیکسز پرو چائنا 20x30 سائز، 2800 روپے سے بڑھ کر 2950 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# پاکستان دوسرا مہنگا ترین ملک ہے، ایشیائی بینک

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے جنوبی ایشیا ریجن میں پاکستان کو دوسرا مہنگا ترین ملک قرار دیتے ہوئے ملک میں مہنگائی کی شرح زیادہ رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے سال 2022 کا آؤٹ لک جاری کر دیا جس میں پاکستان میں آئندہ آنے والے مہینوں میں مہنگائی کی شرح زیادہ رہنے کی پیشگوئی کی ہے، پاکستانی روپے کی قدر میں مزید گراوٹ ہو سکتی ہے۔ پاکستان میں مہنگائی کے بڑھنے کی شرح 26.6 فیصد ہے۔ اے ڈی بی کی پیشگوئی کے مطابق پاکستان میں توانائی مزید مہنگی ہونے کا خدشہ ہے، جنوبی ایشیا میں معاشی ترقی کی شرح سیلاب کی وجہ سے کم ہوگئی، پاکستان اور بنگلہ دیش کے سیلابوں نے معاشی ترقی کو متاثر کیا۔ رپورٹ کے مطابق سری لنکا خطے میں سب سے زیادہ مہنگا ملک ہے جہاں مہنگائی کے بڑھنے کی شرح 70.6 فیصد ہے، بنگلہ دیش میں مہنگائی کے بڑھنے کی شرح 8.9 فیصد جبکہ بھارت میں مہنگائی کے بڑھنے کی شرح 6.8 فیصد ہے۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ سیلاب نے پاکستان کی معیشت کو پے در پے نقصان پہنچایا ہے۔

# اداروں و کمپنیوں کو شہریوں کے ڈیٹا استعمال کی اجازت دینے کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے پاکستان سنگل ونڈو کے تحت حاصل ہونیوالے ڈیٹا و اعداد و شمار کے استعمال کی اجازت دینے کا فیصلہ کیا ہے جب کہ اس حوالے سے رولز متعارف کرانے کا بھی فیصلہ کیا ہے۔ ریونیو ڈویژن نے پاکستان سنگل ونڈو ٹریڈ ڈیٹا ڈسمینیشن، ایکسچینج اور یوٹیلائزیشن رولز 2022 کا مسودہ تیار کر کے متعلقہ اسٹیک ہولڈرز کی مشاورت اور آراء کیلیے جاری کر دیا ہے۔ دستیاب دستاویز کے مطابق تمام متعلقہ اسٹیک ہولڈرز سے کہا گیا ہے کہ مجوزہ رولز بارے پندرہ دن کے اندر اندر اپنی تجاویز اور اعتراضات جمع کروائے جا سکتے ہیں۔ ریونیو ڈویژن کی جانب سے جاری کردہ مجوزہ رولز کے مسودے میں کہا گیا ہے کہ یہ رولز تمام افراد، اداروں، سرکاری محکموں اور پاکستان سنگل ونڈو سسٹم سے منسلک دیگر تمام سرکاری اور نجی فرمیں اور تنظیموں سمیت کسی بھی تجارتی یا غیر تجارتی استعمال کے لیے پاکستان سگل ونڈو سے ڈیٹا حاصل کرنے والی ڈیپارٹمنٹس و اداروں، سرکاری و نجی کمپنیوں پر لاگو ہوں گے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34    23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# درآمدات پر غیر اعلانیہ پابندی، سائٹ کا اظہارِ تشویش

کراچی (نیوز دیسک) سائٹ ایسوسی ایشن آف انڈسٹری کراچی (سائیٹ) کے صدر ریاض الدین نے حکومت کی جانب سے درآمدات پر غیر اعلانیہ پابندی، درآمدی مال کی کلیئرنس نہ ہونے اور ڈالر کی عدم دستیابی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار سے اپیل کی ہے کہ صنعتوں کو تباہی سے بچانے کے لیے صنعتی خام مال اور پرزہ جات سمیت ضروری اشیاء درآمد کرنے کی اجازت دی جائے نیز ڈالر کی باآسانی دستیابی کے لیے بھی موثر اقدامات کیے جائیں بصورت دیگر صنعتیں بند ہو جائیں گی اور اس کے نتیجے میں بیروزگاری کا سیلاب آجائے گا۔صدر سائٹ ایسوسی ایشن نے وزیراعظم شہباز شریف اور وزیر خزانہ سینیٹر اسحاق ڈار سے اپیل میں کہا کہ گیس بحران کے باعث صنعتیں پہلے ہی بندش کا شکار ہیں جبکہ صنعتی خام مال، مشینری، پرزہ جات کی بروقت کلیرنس نہ ہونے کی بناء پر صنعتیں بند ہورہی ہیں لہٰذا صنعتیں بند ہونے سے بیروزگاری بڑھے گی جس سے نہ صرف امن وامان کے مسائل پیدا ہوں گے بلکہ ملکی معیشت پر اس کے انتہائی منفی اثرات مرتب ہوں گے۔ریاض الدین نے خدشہ ظاہر کیا کہ حکومت نے صنعتی مشینری، پرزہ جات سمیت ضروری اشیاء کی بندرگاہوں پر کلیئرنس یقینی نہیں بنائی اور ڈالر کے طلب کے مطابق انتظامات نہ کیے تو آنے والے دنوں میں خام مال، کیپٹل گڈز اور اشیائے ضروریہ کی شدید قلت پیدا ہوجائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کا غیر منظم حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے درآمدات کو محدود کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا ہونا سمجھ سے بالاتر ہے۔سابق وزیر خزانہ نے پہلے لگژری آئٹمز کی درآمدات پر پابندی عائد کی اور پھر بیرونی دباؤ پر پابندی اٹھالی۔اس کے علاوہ چیپٹر 84، 85 کے تحت مشینری، کیپٹل آئٹمز کی درآمدات پر 5 ماہ قبل پابندی لگائی گئی جو تاحال برقرار ہے جس کی وجہ سے صنعتی مشینری، اسپئیر پارٹس کی قلت کی وجہ سے پیداوار سرگرمیاں بری طرح متاثر ہوچکی ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ بندرگاہوں پر ایسے کنٹینرز جن کی ادائیگیاں چند ہزار ڈالرز کی ہیں مگر ڈالر دستیاب نہ ہونے کی وجہ سے کلیئرنس کے منتظر ہیں۔حکومت نے پہلے ایک لاکھ ڈالر اور پھر 50 ہزار ڈالر کی ادائیگیوں پر پابندی لگائی۔انہوں نے نشاندہی کی کہ جو دستاویز 30، 60 اور 90 دن میں ادائیگی کے لیے میچور ہوتے ہیں، اسٹیٹ بینک، کمرشل بینک ان کی ادائیگیوں سے قاصر ہے، ادائیگیاں نہ ہونے سے صنعتی خام مال کے درآمدکنندگان، مینوفیکچررز کی ساکھ بیرون ملک خراب ہورہی ہے اور غیر ملکی سپلائرز پاکستانی درآمدکنندگان اور مینوفیکچررز پر بھروسہ نہیں کررہے۔ریاض الدین نے کہا کہ حکومت اگر واقعی درآمدات کم کرنا چاہتی ہے تو موثر حکمت عملی کا اعلان کرے۔نان پروڈکٹیو کیپٹل گڈز، لگژری گاڑیاں، موبائل فونز سمیت غیر ضروری اشیاء کی درآمد کو موخر کیا جائے نیز زرمبادلہ بچانے کے لیے غیر ضروری اشیاء کی درآمدات موخر کی جائیں اور ضروری اشیاء درآمدات کی اجازت دی جائے تاکہ صنعتی پیداواری سرگرمیاں بلارکاوٹ جاری رکھی جاسکیں اور برآمدی آرڈرز کی تکمیل بھی بروقت ممکن بنائی جاسکے۔

## وفاقی وزیر اور سیکریٹری تجارت کی گورنر اسٹیٹ بینک سے ملاقات

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر تجارت، سیکریٹری کامرس، اسپیشل سیکریٹری کامرس اور سیکریٹری ٹریڈ ڈویلپمنٹ اتھارٹی آف پاکستان نے گورنر اسٹیٹ بینک آف پاکستان اور دیگر حکام سے ملاقات کی جس میں پورٹ پر پھنسے کنسائنمنٹس، لیٹرز آف کریڈٹ (LCs) کھولنے کے معاملات، بزنس کمیونٹی کی مشکلات پر میکانزم وضع کرنے پر زور دیا۔وزیر تجارت سید نوید قمر نے اسٹیٹ بینک کے گورنر کے ساتھ پورٹ پر پھنسے کنسائنمنٹس اور ایل سی کھولنے پر تبادلہ خیال کیا انہوں نے وزیر تجارت کو یقین دلایا کہ مرکزی بینک فارن ایکسچینج کے بدلے ہوئے ریگولیٹری فریم ورک کی وجہ سے کاروبار اور تجارت کو درپیش مسائل کو حل کرنے کی کوشش کرے گا۔وزیر تجارت اور گورنر اسٹیٹ بینک نے اقتصادی ترقی کے لیے بہتر ریگولیٹری ماحول کے ساتھ ساتھ پالیسیوں کے موثر نفاذ، برآمدات میں اضافے، کرنٹ اکاؤنٹ خسارے کو کم کرنے کے لیے قریبی رابطہ کاری پر اتفاق کیا جس سے کراچی پورٹ پر پھنسے کنسائنمنٹس پر دباؤ کم ہوگا۔

## پاکستان کسٹم سروس کے 9 افسروں کے تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) ایف بی آر میں پاکستان کسٹم سروس کے گریڈ 17 سے 20 کے 9 افسروں کے تبادلے کر دیئے گئے ہیں، گریڈ 20 کی افسر قراۃ العین ڈوگر کا ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ جنرل آئی پی آر انفورسمنٹ لاہور، گریڈ 19 کے افسران میں ایڈیشنل ڈائریکٹر پوسٹ کلیئرنس ساوتھ کراچی شیراز احمد کو ڈائریکٹریٹ ریفارمز میں ڈائریکٹر اور آٹومیشن کراچی، ڈائریکٹر (او پی ایس) ڈائریکٹوریٹ آف کسٹم ویلوایشن کوئٹہ آزود المہدی کو ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ کوئٹہ میں بطور ڈائریکٹر اور ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف ٹرانزٹ ٹریڈ لاہور، صائمہ ایاز کو ایڈیشنل کلکٹر، کلکٹریٹ آف کسٹم ایڈجیوکیشن لاہور کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ادھر محمد ارشد خان کلکٹر (او پی ایس) کلکٹریٹ آف کسٹم ایڈجیوکیشن اسلام آباد، یوسف علی خان مگسی کو ایڈیشنل ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف ریفارمز اینڈ آٹومیشن کسٹم کراچی، گریڈ 18 کی افسر نادیہ اسلم کو ڈپٹی ڈائریکٹر ڈائریکٹوریٹ آف ان پٹ آؤٹ پٹ کو آفیشنٹ آرگنائزیشن سینٹرل لاہور، گریڈ 17 کے افسران میں حسیب احمد باجوہ کو اسسٹنٹ کلکٹر کلکٹریٹ آف کسٹم سمبڑیال سیالکوٹ اور بریشنہ کنڈی کو اسسٹنٹ کلکٹر کلکٹریٹ آف کسٹم کلکٹریٹ انفورسمنٹ پشاور تعینات کردیا گیا ہے، علاوہ ازیں گریڈ 20 کے افسر انجینئر حبیب احمد نے اپنی پروموشن کے بعد ڈائریکٹوریٹ آف انٹلی جنس وانوسٹی گیشن اسلام آباد میں ڈائریکٹر کے عہدے کا چارج سنبھال لیا۔

### سمز کا جعلی اجراء روکنے کیلئے ملٹی فنگرز بائیومیٹرک سسٹم کے نفاذ کا فیصلہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) حکومت نے موبائل سمز کے جعلی اجراء کو روکنے کیلئے ملٹی فنگرز بائیومیٹرک سسٹم نافذ کرنے کا فیصلہ کیا ہے، سموں کے حصول کیلئے پہلے ایک انگلی کی بائیومیٹرک ہورہی ہے، نئے خودکار نظام کے تحت صارف کی ایک انگلی کی تصدیق کے بعد کسی دوسری انگلی کی تصدیق کے بعد ہی سمز کا اجراء ہوسکے گا۔

### کرنسی افغانستان اسمگلنگ کی کوشش ناکام، ملزم گرفتار ایک لاکھ ڈالر برآمد

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) امریکی ڈالرز افغانستان اسمگل کرنے میں ملوث منی چینجرز کے گرد گھیرا تنگ کرنے کا حکم دے دیا گیا ہے جس کی روشنی میں ایف آئی اے نے ڈالرز کے غیر قانونی دھندے میں ملوث افراد کی نگرانی شروع کردی ہے۔ایف آئی اے کے ترجمان کے مطابق پیر کولندی کوتل کے عرفان اللہ سے ایک لاکھ ڈالرز برآمد کرکے اسے گرفتار کرلیا گیا جبکہ افغانی خیال گل سے 10 لاکھ روپے اور شاہ نواز سے 30 لاکھ روپے اور حوالہ ہنڈی دستاویزات برآمد کرکے انہیں گرفتار کرلیا گیا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کرنسی سے متعلق جھوٹی خبریں پھیلانے والوں کیخلاف کارروائی کی جائے گی، اسحاق ڈار

اسلام آباد(نیوز ڈیسک) وفاقی وزیرخزانہ اسحاق ڈار نے سرحد پار اسمگلنگ کی روک تھام اور کرنسی سے متعلق جھوٹی خبریں پھیلانے والوں کے خلاف کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایت کردی۔ وزارتِ خزانہ کی جانب سے جاری کردہ اعلامیہ کے مطابق ان خیالات کا اظہار انہوں نے فنانس ڈویژن میں اسمگلنگ کی روک تھام کے اقدامات پر عمل درآمد کا جائزہ لینے کے سلسلہ میں بین الوزارتی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر قانون و انصاف اعظم نذیر تارڑ، وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے خزانہ طارق باجوہ، معاون خصوصی برائے محصولات طارق پاشا، گورنر اسٹیٹ بینک، سیکرٹری خزانہ، سیکرٹری داخلہ، ڈی جی آئی اینڈ آئی کسٹمز، ممبر کسٹمز، اے ڈی جی ایف آئی اے اور خزانہ ڈویژن کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں انسداد اسمگلنگ اقدامات میں ہونے والی پیشرفت اور ملک میں انسداد اسمگلنگ نظام کو مضبوط بنانے کے لیے روڈ میپ کا جائزہ لیا گیا۔ شرکا کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ کسٹمز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور انٹیلی جنس اداروں کی جانب سے غیر ملکی کرنسی اور دیگر اشیاء کی غیر قانونی نقل وحمل کے خلاف سخت اور کڑی نگرانی میں کارروائیاں شروع کر دی گئی ہے۔ شرکا کو بریفنگ دی گئی کہ ان سخت اقدامات کے باعث 9 سے 15 دسمبر 2022 کے درمیان مختلف مقامات پر بڑی مقدار میں غیر ملکی کرنسی اور دیگر قیمتی اشیاء پکڑی گئیں جنہیں ضبط کیا گیا ہے، پاکستان کسٹمز، ایف آئی اے اور داخلہ کے نمائندوں نے اجلاس کو اپنی پیش رفت کی تازہ ترین صورت حال سے آگاہ کیا اور اسمگلنگ کی لعنت کو روکنے کے لیے دانشمندی سے اقدامات کرنے کی تجویز دی۔ وزیرخزانہ نے ملک میں معاشی نمو کو متاثر کرنے والی غیر ملکی کرنسی اور دیگر قیمتی اشیا کی سرحد پار اسمگلنگ کو روکنے کی ضرورت کو اجاگر کیا اور متعلقہ اداروں کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ تمام متعلقہ اداروں کے درمیان ہم آہنگی ضروری ہے، اسمگلنگ کی سرگرمیوں اور کرنسی کی قیاس آرائیوں میں ملوث افراد کے خلاف جامع اور مشترکہ کارروائی کی جائے۔ انہوں نے متعلقہ حکام کو مزید ہدایت کی کہ وہ سرحد پار سمگلنگ کی روک تھام کے لیے اپنی کارروائیاں تیز کریں۔ اجلاس میں یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ انسداد اسمگلنگ آپریشنز کے حوالے سے ہفتہ وار بنیادوں پر باقاعدگی سے جائزہ اجلاس منعقد کیے جائیں گے۔ شرکا نے موجودہ معاشی صورتحال سے نمٹنے کے لیے مناسب اور فعال اقدامات کرنے پر وزیر خزانہ کی تعریف کرتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا اور ہموار و پائیدار اقتصادی ترقی کو یقینی بنانے کے لیے اپنے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

## لاہور ایئرپورٹ پر کسٹم کاؤنٹر لگانے کی تجویز پیش

کراچی (نیوز ڈیسک) پاکستان کسٹم نے لاہور کے علامہ اقبال ایئرپورٹ پر مسافروں کے سامان کی جانچ پڑتال کے لیے بین الاقوامی ڈیپارچر لاؤنج میں داخل ہوتے ساتھ ہی کسٹم کاؤنٹر لگانے کی تجویز پیش کر دی۔ اسسٹنٹ کلیکٹر کسٹم ڈاکٹر سارہ بتول نے متعلقہ محکموں کو مراسلے ارسال کئے ہے کہ اس وقت کسٹم کے کاؤنٹر لاؤنج میں سب سے آخر میں ہوتے ہیں۔ مسافر کو پہلے اے ایس ایف اور اینٹی نارکوٹکس کا عملہ چیک کرتا ہے اور سب سے آخر میں مسافر کسٹم کے کاؤنٹر پر آتا ہے جب کہ اصولی طور پر سب سے پہلے مسافر کو کسٹم چیک کیا جانا چاہیئے۔ اس حوالے سے خاتون افسر نے جو تجاویز دی ہیں ان میں کسٹم حکام اسکینرز کے ساتھ سب سے پہلے لاؤنج میں داخل ہوتے ساتھ ہی سامان چیک کریں اور مسافر وہاں کرنسی اور سونا ڈکلیئر کرے اور ضبطگی بھی وہیں ہو۔ دو سرچ کیبن ایک خواتین اور ایک مرد حضرات کے لئے نصب کیے جائیں۔

## مزید سخت فیصلے نہیں کر سکتے، حکومت کی آئی ایم ایف سے شرائط نرم کرنے کی درخواست

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وفاقی حکومت نے پاکستان میں سیلاب سے ہونے والی تباہ کاریوں کے تناظر میں بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) سے پروگرام کے تحت طے کردہ شرائط پر نظر ثانی کی درخواست کر دی ہے۔ وزارت خزانہ کے ذرائع کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف کے پروگرام کو ٹریک پر لانے کے لیے عالمی سیاسی رابطوں کے لیے وزارت خارجہ سے کردار ادا کرنے کی درخواست کی گئی ہے۔ حکومت پاکستان کا کہنا ہے کہ آئی ایم ایف سیلاب اور دیگر وجوہات پر معاہدے کی شرائط پر نظر ثانی کرے، عالمی سطح پر مہنگائی اور معاشی بحران کے باعث مزید سخت فیصلے نہیں کر سکتے، پاکستان نئے ٹیکس لگائے بغیر آمدن بڑھا سکتا ہے اور سال کے آخر تک کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ کم کرلے گا۔ ذرائع کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے بھی ٹیکس چوروں سے ریکوریز بہتر بنانے کا پلان پیش کیا ہے جس کے تحت پاکستان ٹیکس وصولی بہتر کر کے مقرر کردہ 7100 ارب روپے کا ہدف پورا کرے گا۔ ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ پاکستان کی جانب سے اگست 2022 میں صدارتی آرڈیننس کے ذریعے جو ٹیکس اقدامات اٹھائے گئے تھے اور ملکی درآمدات میں کمی لانے کے لیے جو اقدامات اٹھائے گئے تھے، اب اس آرڈیننس کی معیاد چونکہ ختم ہونے کو ہے اس لیے اب دوبارہ آرڈیننس جاری کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے ایف بی آر کی طرف سے آرڈیننس کے مسودے کو حتمی شکل دی جا رہی ہے اور آرڈیننس کو جلد حتمی شکل دے کر منظوری کے بعد اجراء کے لیے صدر مملکت کو بھجوایا جائے گا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ پاکستان کی کوشش ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ اگلے اقتصادی جائزے پر مذاکرات جلد شروع ہوں اور اقتصادی جائزہ مکمل کر کے اگلی قسط جاری ہو سکے۔

## درآمدات پر پابندی سے کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں نمایاں کمی

کراچی (بزنس ڈیسک) امپورٹ پر عائد پابندیوں سے ملکی کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں بتدریج کمی ہوگئی۔ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے مطابق نومبر 21 کے مقابلے نومبر 22 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 86 فیصد کمی سے 27.60 کروڑ ڈالر رہا۔ نومبر 21 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ایک ارب 92 کروڑ ڈالر تھا۔ اکتوبر 22 کے مقابلے نومبر 22 میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 51 فیصد کمی ہوئی۔ اکتوبر میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 56.90 کروڑ ڈالر تھا۔ رواں مالی سال 5 ماہ میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 57 فیصد کمی سے 3 ارب 9 کروڑ ڈالر رہا۔ گزشتہ مالی سال 5 ماہ میں کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 7 ارب 23 کروڑ ڈالر تھا۔ کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ گزشتہ مالی سال نومبر میں 1 ارب 93 کروڑ ڈالر تھا جو رواں سال نومبر میں 28 کروڑ ڈالر کی سطح پر ریکارڈ ہوا۔

## اپیلیٹ ٹربیونل اسلام آباد میں ہفتہ کی چھٹی ختم

لاہور (نیوز ڈیسک) اپیلیٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو اسلام آباد میں ہفتہ کی ختم کر دی گئی ہے۔ نئے حکم نامے کے مطابق اپیلیٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو عدالت اب ہفتہ کے روز بھی اپنے عدالتی امور سرانجام دے گی۔ بتایا گیا ہے کہ بہت جلد ملتان میں بھی اپیلیٹ ٹربیونل ان لینڈ ریونیو عدالت ہفتہ کے روز اپنے عدالتی امور سرانجام دینا شروع کر دے گی جس سے عرصہ دراز سے زیر التواء کیسز نمٹانے میں مدد ملے گی۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

## ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: DHO/Kemari/14645/50
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 29 دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: آفس، ڈسٹرکٹ کیماڑی، کراچی۔

## فزیکل میڈیسن انسٹی ٹیوٹ کے پیپر و پرنٹنگ کے ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: SIPM&R/PD/2022-23/23
پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 1000 ریم
پیپر F4 سائز، 70 گرام، تعداد: 150 ریم
پیپر A4 سائز (ہاف)، 70 گرام، تعداد: 500 ریم
پیپر یلو (پیلا)، 100 ریم
ٹینڈر حوالہ نمبر: SIPM&R/PD/2022-23/24
اسٹیشنری کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، بلاک A، اپوزٹ ایس آئی یو ٹی، چاندنی بی روڈ، کراچی۔
فون: 021-99216210

## پی آئی اے کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: PR/22010058
NCR پیپر وائٹ، CFB سائز 18x23، 50 گرام، تعداد: 90000 شیٹس
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 جنوری 2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، پہلی منزل، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، کراچی۔
فون: 021-99043304

## NADRA کا لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: NADRA-HQ-RFB-244/2022
لفافے ونڈو ٹائپ، سائز 9x4، تعداد: 600000 عدد
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 2 جنوری 2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ ڈپارٹمنٹ، نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی، ریجنل ہیڈ کوارٹر بلڈنگ، گراؤنڈ فلور، 30۔ ماؤ ایریا، G-10/4، اسلام آباد۔
فون: 051-90392868

## ڈی جی کلچر سندھ کو پرنٹنگ کی خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر:
DGC/CTA&AD/NIT/PUB/2022-23
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 جنوری 2023ء
برائے رابطہ: آفس، محمد ابراہیم جویو آڈیٹوریم، لیاقت میموریل لائبریری، اسٹیڈیم روڈ کراچی۔

# کاروباری مواقع
# TENDERS

فون: 021-99230965

## حکومت سندھ کے ادارے کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 جنوری 2023ء
برائے رابطہ: دفتر سیکشن آفیسر (سی ٹی سی)، سروسز جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، سندھ سیکریٹریٹ بلڈنگ نمبر ون، شاہراہ کمال اتاترک روڈ، کراچی۔

## راولپنڈی انٹر بورڈ کا ردی کی فروخت کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 31 دسمبر 2022ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری، اسٹورز مورگاہ، راولپنڈی۔
فون: 051-5450930

## گورنمنٹ کالج یونیورسٹی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 731/04/2022
آنسر شیٹ کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 جنوری 2023ء
